روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 12 مارچ 2005ء 1426 ہجری 12 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 56

زلزلوں کی خبر

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

قیامت اس وقت آئے گی جب علم قبض کر لیا جائے گا اور زلزلے کثرت سے آئیں گے اور فتنے ظاہر ہوں گے۔ اور قتل وغارت کی کثرت ہو جائے گی۔

(صحیح بخاری کتاب الجمعه باب فی الزلازل حدیث نمبر:978)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یاد رہے کہ خدا نے مجھے عام طور پر زلزلوں کی خبر دی ہے۔ پس یقیناً سمجھو کہ جیسا کہ پیشگوئی کے مطابق امریکہ میں زلزلے آئے ایسا ہی یورپ میں بھی آئے اور نیز ایشیا کے مختلف مقامات میں آئیں گے اور بعض ان میں قیامت کا نمونہ ہوں گے۔ اور اس قدر موت ہوگی کہ خون کی نہریں چلیں گی۔ اس موت سے پرند چرند بھی باہر نہیں ہوں گے۔ اور زمین پر اس قدر سخت تباہی آئے گی کہ اس روز سے کہ انسان پیدا ہوا ایسی تباہی کبھی نہیں آئی ہوگی۔ اور اکثر مقامات زیروزبر ہو جائیں گے کہ گویا ان میں کبھی آبادی نہ تھی۔ اور اس کے ساتھ اور بھی آفات زمین وآسمان میں ہولناک صورت میں پیدا ہوں گی۔ یہاں تک کہ ہر ایک عقلمند کی نظر میں وہ باتیں غیر معمولی ہو جائیں گی۔ اور ہیئت اور فلسفہ کی کتابوں کے کسی صفحہ میں ان کا پتہ نہیں ملے گا۔ تب انسانوں میں اضطراب پیدا ہوگا کہ یہ کیا ہونے والا ہے۔ اور بہتیرے نجات پائیں گے اور بہتیرے ہلاک ہو جائیں گے۔ وہ دن نزدیک ہیں بلکہ مَیں دیکھتا ہوں کہ دروازے پر ہیں کہ دنیا ایک قیامت کا نظارہ دیکھے گی۔ اور نہ صرف زلزلے بلکہ اور بھی ڈرانے والی آفتیں ظاہر ہوں گی۔ کچھ آسمان سے اور کچھ زمین سے۔ یہ اس لئے کہ نوع انسان نے اپنے خدا کی پرستش چھوڑ دی ہے اور تمام دل اور تمام ہمت اور تمام خیالات سے دنیا پر ہی گر گئے ہیں۔ اگر مَیں نہ آیا ہوتا تو ان بلاؤں میں کچھ تاخیر ہو جاتی۔ پر میرے آنے کے ساتھ خدا کے غضب کے وہ مخفی ارادے جو ایک بڑی مدت سے مخفی تھے ظاہر ہو گئے۔ (۔) اور توبہ کرنے والے امان پائیں گے اور وہ جو بلا سے پہلے ڈرتے ہیں ان پر رحم کیا جائے گا۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ تم ان زلزلوں سے امن میں رہو گے یا تم اپنی تدبیروں سے اپنے تئیں بچا سکتے ہو؟ ہرگز نہیں۔ انسانی کاموں کا اس دن خاتمہ ہوگا۔ یہ مت خیال کرو کہ امریکہ وغیرہ میں سخت زلزلے آئے اور تمہارا ملک ان سے محفوظ ہے۔ مَیں تو دیکھتا ہوں کہ شاید ان سے زیادہ مصیبت کا منہ دیکھو گے۔ اے یورپ تو بھی امن میں نہیں اور اے ایشیا تو بھی محفوظ نہیں۔ اور اے جزائر کے رہنے والو! کوئی مصنوعی خدا تمہاری مدد نہیں کرے گا۔ مَیں شہروں کو گرتے دیکھتا ہوں اور آبادیوں کو ویران پاتا ہوں۔ وہ واحد یگانہ ایک مدت تک خاموش رہا اور اس کی آنکھوں کے سامنے مکروہ کام کئے گئے اور وہ چپ رہا۔ مگر اب وہ ہیبت کے ساتھ اپنا چہرہ دکھلائے گا۔ جس کے کان سننے کے ہوں سنے کہ وہ وقت دُور نہیں۔ مَیں نے کوشش کی کہ خدا کی امان کے نیچے سب کو جمع کروں۔ پر ضرور تھا کہ تقدیر کے نوشتے پورے ہوتے۔ مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس ملک کی نوبت بھی قریب آتی جاتی ہے۔ نوح کا زمانہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آجائے گا اور لوط کی زمین کا واقعہ تم بچشم خود دیکھ لو گے۔ مگر خدا غضب میں دھیما ہے۔ توبہ کرو تا تم پر رحم کیا جائے۔ جو خدا کو چھوڑتا ہے وہ ایک کیڑا ہے نہ کہ آدمی۔ اور جو اُس سے نہیں ڈرتا وہ مردہ ہے نہ کہ زندہ۔

(حقیقة الوحی۔روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 268)

داخلہ جامعہ احمدیہ برائے طلبہ میٹرک اور ایف اے/ایف ایس سی

اس سال میٹرک اور ایف اے/ایف ایس سی کا امتحان دینے والے ایسے طلباء جو زندگی وقف کر کے جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے خواہشمند ہیں وہ داخلہ کیلئے ابھی سے اپنی درخواست والد/سرپرست کی تصدیق کے ساتھ اور مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی وساطت سے وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ کو ارسال کریں تاکہ داخلہ کے انٹرویو سے پہلے ضروری دفتری کارروائی مکمل کی جا سکے۔ درخواست میں نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، مکمل پتہ، جماعت نہم/فرسٹ ائیر (گیارہویں) میں حاصل کردہ نمبر اور واقفین نو اپنا حوالہ وقف نو بھی درج کریں۔ داخلہ کیلئے انٹرویو شروع اگست میں ہوگا۔ معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کر دیا جائے گا۔

امیدوار قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا یقینی بنائیں۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہیں۔ عربی اور انگریزی کے معیار کو نیز دینی معلومات اور معلومات عامہ کو بہتر بنائیں۔ سیرت النبیؐ سیرت حضرت مسیح موعود، مختصر تاریخ احمدیت، کامیابی کی راہیں، دینی معلومات شائع کردہ خدام الاحمدیہ پاکستان نیز روزنامہ الفضل اور جماعتی رسالہ جات کا مطالعہ کرتے رہیں۔ اور مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کی مرکزی تربیتی کلاس میں شامل ہوں۔

درخواست اور فارم معاہدہ وقف زندگی میں نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش سکول کے ریکارڈ کے مطابق درج ہو۔ (وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

(فون 047-6213563 فیکس:047-6212296)
(موبائل 0300-7700328)

دارالصناعة میں داخلہ

دارالصناعة ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ فیکٹری ایریا ربوہ میں مندرجہ ذیل کورسز میں داخلوں کیلئے درخواستیں مقررہ فارم پر جو ادارے سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ مطلوب ہیں۔ فوری رابطہ کریں۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2005ء ہے۔

1۔آٹو مکینک 2۔ریفریجریشن/ائیر کنڈیشننگ 3۔ووڈ ورک

(نگران دارالصناعة)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 333

یقین محکم اور رضائے باری کے پیکر

دائمی مرکز احمدیت قادیان دارالامان کے ماحول میں واقع گاؤں ۔سیکھواں ۔اور ''سیکھواں برادران'' یعنی حضرت میاں جمال الدین صاحب،حضرت میاں امام الدین صاحب(والد ماجد حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب) اور حضرت میاں خیرالدین صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں۔تینوں متدین بزرگوں کو دعوت ماموریت سے بھی قبل حضرت مسیح موعود سے ذاتی روابط اور دلی عقیدت کا شرف حاصل تھا۔تینوں نے ایک ہی دن 23 نومبر 1889ء کو اجتماعی بیعت کی اور تینوں کا نام بنفس نفیس حضرت اقدس نے 313 رفقاء کی فہرست ضمیمہ انجام آتھم میں اپنے قلم سے درج فرمایا۔

حضرت میاں جمال الدین صاحب نے ریکارڈ بہشتی مقبرہ کے مطابق 4 راگست 1921ء کو انتقال کیا۔آپ ایک پرجوش داعی الی اللہ اور قادر الکلام مکرم سخن پنجابی شاعر تھے آپ کا منظوم رسالہ ''عاقبۃ المکذبین'' حضرت مسیح موعود ہی کے مقدس عہد میں ریاض ہند پریس امرتسر سے طبع ہوا اور دوسرا ایڈیشن آپ کی وفات کے بعد مولوی محمد عنایت اللہ صاحب بدوملہوی تاجر کتب و مالک نصیر ایجنسی قادیان نے چھپوایا جس کے آخر میں حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس نے آپ کی مختصر سوانح سپرد قلم فرمائی اور لکھا''آپ ایک باہمت آدمی تھے جب بھی حضرت مسیح موعود نے مقدمات کے دوران میں گورداسپور جانے یا انتظام کرنے کے لئے فرمایا تو باوجود بارشوں کے پانیوں میں سے گزرتے ہوئے وہاں پہنچے آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے ذہن و فہیم تھے۔ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ہم سیکھواں کی (بیت) میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے باتوں باتوں میں میرے والد صاحب نے فرمایا کہ اب میری نظر میں کچھ کمی آ گئی ہے تو آپ نے فرمانے لگے کہ میری نظر میں ذرہ کمی نہیں آئی جو حضرت مسیح کے کپڑوں کی برکت ہے۔

حضرت مسیح موعود کا الہام ہے کہ ''بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے'' میرے دل میں یہ خیال رہتا تھا کہ جب بادشاہ حاصل کریں گے تو ہم کیوں نہ کریں اس لئے جب کبھی حضرت مسیح موعود (بیت) سے اندر تشریف لے جانے لگتے تو میں پیچھے سے ہو کر آپ کی دستار مبارک کا شملہ آنکھوں پر پھیر لیا کرتا اسی کی برکت ہے کہ میری نظر میں بالکل کمی نہیں آئی۔

آپ پر بہت سے مصائب اور تکالیف بھی آئیں مثلاً آپ کے چار جوان لڑکے اور ایک لڑکی آپ کی زندگی میں فوت ہو گئے مگر آپ نے ہمیشہ صبر و استقلال سے کام لیا گاؤں کے لوگ آپ کے پاس چوتھے لڑکے کی وفات پر تعزیت کے لئے آئے اور اپنی عادت کے مطابق ایک نے کہا کہ میاں جی آپ کے ساتھ تو خدا نے بڑا ظلم کیا ہے۔آپ نے انہیں موٹی مثال دے کر سمجھایا کہ دیکھو تم گیہوں بوتے ہو جب بڑھتی ہے اگر تمہاری مرضی کاٹنے کی ہو تو چھوٹی چھوٹی ہی کاٹ سکتے ہو۔اگر چاہو ایک طرف سے اور اگر چاہو تو درمیان سے بھی کاٹ سکتے ہو۔بہرحال تمہاری کھیتی ہوتی ہے جس طرح چاہتے ہو کاٹتے ہو۔یہ مال و اولاد بھی خدا کی دی ہوئی چیزیں ہیں اگر وہ چاہتا تو پہلے سے ہی نہ دیتا۔اگر دی تھی تو اس کی مرضی وہ مالک تھا۔ جب چاہا اس نے اپنی امانت لے لی''

(عاقبۃ المکذبین صفحہ 13-14)

حضرت مرزا سلطان احمد کی ایمان افروز شہادت

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کی خدمت میں حضرت مولوی عبدالرحیم درد ایم اے (سابق مولوی رحیم بخش) نے حضرت مسیح موعود کی بعثت سے قبل زندگی سے متعلق دریافت کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

والد صاحب ہر وقت دین کے کام میں لگے رہتے تھے گھر والے ان پر پورا اعتماد کرتے تھے۔گاؤں والوں کو بھی ان پر پورا اعتبار تھا شریک جو ویسے مخالف تھے ان کی نیکی کے اتنے قائل تھے کہ جھگڑوں میں کہہ دیتے تھے کہ جو کچھ یہ کہہ دیں گے ہم کو منظور ہے ہر شخص ان کو امین جانتا تھا...........والد صاحب نے اپنی عمر ایک مغل کے طور پر نہیں گزاری بلکہ فقیر کے طور پر گزاری ....ایک بات میں نے خاص طور پر یہ دیکھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق والد صاحب ذرا سی بات بھی برداشت نہیں کر سکتے تھے اگر کوئی شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ذرا سی بات بھی کہتا تھا تو والد صاحب کا چہرہ سرخ ہو جاتا تھا اور آنکھیں متغیر ہو جاتی تھیں اور فوراً ایسی مجلس سے اٹھ کر چلے جاتے تھے ....آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تو بس والد صاحب کو عشق تھا ایسا عشق میں نے کبھی کسی شخص میں نہیں دیکھا''

(سیرت المہدی حصہ اول طبع ثانی صفحہ 219)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم سید عمر انعام اللہ طاہر صاحب لکھتے ہیں۔خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے 25 مئی 2004ء کو تیسرے بیٹے سے نوازا ہے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولود کا نام سید فیصل صالح عطا فرمایا ہے۔نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔نومولود مکرم سید عمر عبداللہ صاحب کا پوتا اور میر محمد عبداللہ صاحب کا نواسہ ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو خادم دین نیک اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔آمین

درخواست دعا

مکرم مظفر احمد ناگی صاحب صدر حلقہ نیلا گنبد لاہور لکھتے ہیں۔مکرم طاہر احمد ناگی صاحب سیکرٹری مال جماعت احمدیہ حلقہ نیلا گنبد لاہور گزشتہ دو ماہ سے ایک تکلیف دہ مرض میں مبتلا ہیں۔تشخیص اور دوا جاری ہے۔کمزوری اور نقاہت بہت زیادہ ہے۔ان کی کامل شفایابی کیلئے دردِ دل سے دعا کی درخواست ہے۔

محترمہ منصورہ ظفر صاحبہ ہما بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور ایک ہفتہ سے بیمار ہیں دعا کی درخواست ہے۔

مکرم نصرت اللہ ناصر صاحب صدر جماعت احمدیہ حسن ابدال کا حادثے کے بعد ٹانگ کا آپریشن ہوا ہے۔ان کیلئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور وہ چلنے پھرنے اور کام کرنے کے قابل ہو جائیں۔آمین

مال بڑھانے کا پاکیزہ ذریعہ

☆حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''یہ ظاہر ہے کہ تم دو چیز سے محبت نہیں کر سکتے اور تمہارے لئے ممکن نہیں کہ مال سے بھی محبت کرو اور خدا سے بھی۔صرف ایک سے محبت کر سکتے ہو۔پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے اور اگر کوئی تم میں سے خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کرے گا تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی کیوں کہ مال خود بخود نہیں آتا بلکہ خدا کے ارادہ سے آتا ہے۔ پس جو شخص خدا تعالیٰ کے لئے بعض حصہ مال کو چھوڑتا ہے وہ ضرور اسے پائے گا''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد 3 صفحہ 497)

احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ مستحق مریضوں کے علاج کی مد امداد مریضاں اور ہسپتال کی مد ڈویلپمنٹ میں بطور صدقہ جاریہ اپنے عطایاجات بھجوائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

رپورٹ میڈیکل چیک اپ

واقفین نو کوارٹرز تحریک جدید ربوہ

مکرم سید منصور احمد بشیر صاحب سیکرٹری وقف نو کوارٹرز تحریک جدید ربوہ لکھتے ہیں کہ مورخہ 18 اور 20 فروری 2005ء کو مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خاں صاحب نے ہمارے محلّہ کے 78 واقفین نو بچوں بچیوں کا طبی معائنہ کیا۔بچوں کیلئے دوائیں تجویز کیں اور بچوں کی صحت کے متعلق والدین نے ڈاکٹر صاحب سے مختلف سوالات بھی کئے جن کے محترم ڈاکٹر صاحب موصوف نے جواب دیئے۔اللہ تعالیٰ محترم ڈاکٹر صاحب واقفین نو بچوں اور ان کے والدین کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

(وکالت وقف نو)

فری انٹرنیٹ کیفے برائے خواتین

خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مکمل طور پر مفت انٹرنیٹ کیفے کا انتظام ایوان محمود میں ہے۔ صرف خواتین اس سے استفادہ کر سکیں گی۔ کیفے کے اوقات کار 9:30 بجے صبح تا 1:30 بجے دوپہر ہیں براہ کرم ان اوقات میں ہی تشریف لائیں۔

(انچارج کمپیوٹر سیکشن ایوان محمود)

اعلان دارالقضاء

(محترمہ نصرت خواجہ صاحبہ بابت ترکہ مکرم خواجہ منیر احمد صاحب)

محترمہ نصرت خواجہ صاحبہ سکنہ 4/8 دارالعلوم غربی ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم خواجہ منیر احمد صاحب ابن مکرم خواجہ ناصر احمد صاحب بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ رمکان نمبر 4/8 واقع دارالعلوم غربی ربوہ برقبہ 10 مرلے 7 مربع فٹ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ رمکان ان کے جملہ ورثاء کے نام منتقل کیا جائے۔ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ زاہدہ بدر صاحبہ (بیٹی)
(2) محترمہ فوزیہ طاہر صاحبہ (بیٹی)
(3) محترمہ بشریٰ خواجہ صاحبہ (بیٹی)
(4) محترمہ نصرت خواجہ صاحبہ (بیٹی)
(5) محترمہ شازیہ منیر صاحبہ (بیٹی)
(6) مکرم خواجہ شکیل احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

مکرم عبدالوہاب شاہد صاحب

بستان احمد کی سیر

حضرت مسیح موعود کے محبت الٰہی کے بارے میں پاکیزہ کلمات

حضرت مسیح موعود کے محبت الٰہی کے بارہ میں پاکیزہ کلمات و ارشادات اور اقوال زریں قارئین الفضل کے ازدیاد ایمان وحب اللہ کے لئے حضور کی کتب اور ملفوظات سے پیش ہیں۔

روحانی خزائن جلد نمبر 1

محبت کو.......... ہزار چھپائیں کوئی نہ کوئی نشان اس کا ظاہر ہو جاتا ہے۔

محبت میں لذات .... ہیں۔

محبت.......... فطرت میں ڈالی گئی ہے..........

خدا کی مرضی.......... بندہ کی مرضی بتائی گئی ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 2

محبت میں.......... خوارق نہایت صاف اور شفاف اور روشن وتاباں ظہور میں آتے ہیں۔

محبت الٰہی کی موجیں عاشق صادق کے دل سے اٹھتی ہیں۔

محبت کی یہی نشانی .... ہے کہ دونوں طرف سے آثار خلوص واتحاد ویگانگت کے ظاہر ہوں۔

محبت بجز معرفت حاصل نہیں ہوسکتی۔

محبت کے دو ہی امر ہیں یا حسن یا احسان۔

محبت سے لذت ملتی ہے۔

محبت عالم آخرت میں سرور دائمی کا موجب ہو جاتی ہے۔

محبت..........معرفت سے پیدا ہوتی ہے۔

محبت ذاتیہ پیدا ہو..........تو وہی دن نئی پیدائش کا پہلا دن ہوتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 3

آتش محبت الٰہی لوح قلب انسان کو اس قدر گرم کرتی ہے کہ.......... چمک پیدا ہو جاتی ہے۔

آتش محبت الٰہی لوح قلب انسان کو نہ صرف ایک چمک بخشتی ہے بلکہ .... تمام صفات کاملہ کے ساتھ وہ سارا وجود آگ ہی آگ ہو جاتا ہے۔

روحانی خزائن جلد 5

محبت تو دوائے ہزار بیماری است

محبت الٰہی بندہ کی محبت پر نازل ہوتی ہے تب ....روح القدس کا روشن اور کامل سایہ انسان کے دل میں پیدا ہو جاتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 9

محبت کرنے والا اپنے محبوب میں فنا ہو جاتا ہے۔

محبت ....اصل معنے اس کے پر ہو جانا ہے۔

محبت.......... کی حقیقت محبوب کے رنگ سے رنگین ہو جانا ہے۔

محبت ذاتی.......... میں تمام اغراض نفسانی جل جاتے ہیں۔

روحانی خزائن جلد 10

محبت اور رضا میں محو ہو جائے اور سب وجود اس کا خدا کے لئے ہو جائے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 12

محبت کا اسیر ہو جائے .... گناہ کی خشکی اور زوال سے بچ جائے۔

محبت دکھلاؤ اور سب سے زیادہ خدا سے محبت کرو۔

محبت کا انتہاء عبادت ہے۔

محبت کا لفظ حقیقی طور خدا سے خاص ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 13 تا 18

محبت اور وفا کے ساتھ جھکنے والے ہرگز ضائع نہیں کئے جاتے۔

محبت اور محبت سے ہر ایک گناہ اور غیر اللہ سے انقطاع حاصل ہو جو حقیقی نجات کا ثمرہ ہے۔

محبت کلام اللہ کی جنت میں لے جاتی ہے۔

محبت گناہ اور مخالفت سے روکتی ہے۔

محبت میں بھی ایک خوف ہوتا ہے کہ.......... تعلق نہ ٹوٹ جائے۔

محبت کنندہ.......... بلاشبہ گناہ سے روک لیا جاتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 19

محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے وابستہ ہے۔

محبت الٰہی .... دلوں میں خیمے لگا لیتی ہے پھر کسی قسم کا گناہ باقی نہیں رہتا۔

محبت بغیر مشاہدہ حسن یا احسان پیدا نہیں ہوسکتی۔

محبت گناہ کو ایسا جلاتی ہے جیسا کہ آگ میل کو۔

روحانی خزائن جلد نمبر 20

محبت میں اس مقام تک پہنچنا ہے جو غیر کی محبت کو جلا دیتا ہے۔

محبت ذاتی انسان کی محبت ذاتی میں ایک خارق عادت جوش بخشتی ہے۔

محبتوں کے ملنے سے ایک فنا کی صورت پیدا ہو کر بقا باللہ کا نور پیدا ہوتا ہے۔

محبت میں محو ہو کر واصلوں کی روحیں حقیقی زندگی پاتی ہیں۔

محبت اور رحم..........ام الصفات ہیں۔

محبت میں تمام نجات اور اس کے چھوڑنے میں میں تمام عذاب ہے۔

محبت محبت کو جذب کرتی اور اپنی طرف کھینچتی ہے۔

محبت کے علامات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ..........اپنے محبوب سے قطع تعلق کا اس کو نہایت خوف ہوتا ہے۔

محبت کا تقاضا کہ ایک محبّ صادق کو ہمیشہ یہ فکر لگی رہتی ہے کہ اس کا محبوب اس پر ناراض نہ ہو جائے۔

محبت .... طبعاً یہ تقاضا کرتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ خدا کی رضا حاصل ہو۔

محبت جو خدا تعالیٰ .... کرتا ہے.......... سفلی زندگی کے گندوں سے باہر لے آتی ہے۔

محبت.......... خدا تعالیٰ کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 21

محبت اور کامل خوف یہی دونوں چیزیں ہیں جو گناہوں سے روکتی ہیں۔

محبت اور خوف کی آگ جب بھڑکتی ہے تو گناہ ....کو جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔

محبت مے کشد با جذب روحانی محبت را

محبت بقدر معرفت ہوتی ہے۔

محبت کی یہی علامت ہے کہ محبّ میں ظلی طور الٰہی صفات پیدا ہو جائیں۔

محبت کاملہ کی مثال بعینہ لوہے کی ہے.......... جبکہ وہ آگ میں ڈالا جائے.......... خود آگ بن جائے۔

محبت الٰہیہ کی حقیقت یہی ہے کہ انسان اس رنگ سے رنگین ہو جائے۔

محبت .... سے انسان کی روح کو خدا تعالیٰ سے ایک تعلق ازلی ہے۔

محبت ذاتیہ کا افروختہ شعلہ.......... حیات ثانی بخش دیتا ہے۔

محبت.......... مومن کی روحانی قوتوں کو ترقی دیتی ہے۔

محبت روٹی اور پانی کا کام دیتی ہے۔

محبت ذاتیہ.......... عبودیت کے پودہ کی آبپاشی کرتی ہے۔

محبت ذاتیہ.......... سے مراد یکطرفہ محبت نہیں بلکہ خالق ومخلوق کی دونوں محبتیں ہیں۔

محبت ذاتیہ سے.......... حسن کمال کو پہنچ جاتا ہے۔

محبت ذاتیہ سے اپنے تئیں خدا تعالیٰ کی محبت ذاتیہ کا مستحق ٹھہرا لیتا ہے۔

محبت الٰہیہ کی تجلی .... میں ایک عالمگیر کشش پائی جاتی ہے۔

محبت نفرت کو ٹھنڈا کر کے رفع کر دیتی ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 23

محبت سے مراد وہ حالت ہے کہ بکلی دل اسی کی طرف کھینچا جائے۔

محبت کے عالم میں انسانی روح ہر وقت اپنے محبوب کے گرد گھومتی ہے۔

محبت اور عشق .... سچی معرفت کی کنجی ہے۔

محبت نجات کی جڑ ہے اور.......... بہشت ہے جس میں داخل ہونے کے بعد تمام کوفت اور تلخی اور رنج وعذاب دور ہو جاتا ہے۔

محبت ہماری عین نجات ہے۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود

محبت..........انسان کی سفلی زندگی کو جلا کر اسے ایک نیا اور مصفّٰی وجود بنا دیتی ہے۔

محبت اور عشق الٰہی کی آگ .... امانی اور نفسانی خیالات کو جلا دیتی ہے اور اس کے اندر روح ناطق بھر جاتی ہے محبت بدوں معرفت کے ترقی پذیر نہیں ہوسکتی۔

محبت نہیں ہے تو عبادت بھی بے سود ہے۔

محبت کرنے والوں کو ایسی استقامت عطا ہوتی ہے کہ وہ ہزار ایذائیں دیئے جائیں جنبش نہیں کھاتے۔

محبت..........فطرت کا طبعی خاصہ اور جزو ہو کر ہو۔

محبت کی حالت کے اظہار کے لئے حج رکھا ہے۔

محبت کے لباس میں..........حج..........ہے۔

محبت میں......ایک استقامت پیدا ہو جاتی ہے۔

محبت دل میں پیدا ہو جائے تو وہ گناہ کو خود جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔

محبت ذاتی سے رنگین ہو کر..........عبادت کرنی چاہئے نہ کہ کسی جزا سزا کے سہارے پر۔

محبت میں ایسے محو ہو جاؤ کہ تمہارا وجود ہی درمیان سے گم ہو جائے۔

محبت کے جام بھر بھر کر پیو.......... کبھی سیر نہ ہونے والے بنو۔

محبت ہو کہ خدا کی محبت کے مقابل پر کسی چیز کی پرواہ نہ ہو۔

محبت ایک چیز ہے..........جس کا نام عشق ہے۔

محبت کا یہ حال ہے کہ ایک معشوق اپنے عاشق کا عاشق بن جاتا ہے۔

محبت پیدا کر لو جیسے ایک ماں کو اپنے بچہ سے ہوتی ہے۔

محبت.......... سے ہی انسان دارالامان میں پہنچ سکتا ہے۔

(باقی صفحہ 4 پر)

مکرم ملک منور احمد صاحب جاوید

تحریک جدید کی اہمیت

بانی تحریک جدید سیدنا حضرت مصلح موعود کے الفاظ میں

تحریک جدید کیا ہے

’’تمام لوگوں تک پہنچنے کیلئے ہمیں آدمیوں کی ضرورت ہے۔ ہمیں روپے کی ضرورت ہے۔ ہمیں عزم اور استقلال کی ضرورت ہے۔ ہمیں دعاؤں کی ضرورت ہے۔ جو خدا تعالیٰ کے عرش کو ہلا دیں اور انہی چیزوں کے مجموعے کا نام تحریک جدید ہے۔‘‘

(روزنامہ الفضل 2 دسمبر 1942ء)

تحریک جدید کو کیوں جاری کیا گیا

’’تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تا کہ اس کے ذریعہ ہمارے پاس ایسی رقم جمع ہو جائے جس سے خدا تعالیٰ کے نام کو دنیا کے کناروں تک آسانی اور سہولت کے ساتھ پہنچا دیا جائے۔ تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تا کہ کچھ افراد ایسے میسر آ جائیں جو اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے دین کی اشاعت کے لئے وقف کر دیں اور اپنی عمریں اسی کام میں لگا دیں۔ تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تا کہ وہ عزم و استقلال ہماری جماعت میں پیدا ہو جو کام کرنے والی جماعتوں کے اندر پیدا ہونا ضروری ہوتا ہے۔‘‘ (الفضل 2 دسمبر 1942ء)

تحریک جدید میں شمولیت کیوں ضروری ہے

’’میں سمجھتا ہوں کہ ہر وہ شخص جو اپنے اندر ایمان کا ایک ذرہ بھی رکھتا ہو۔ میری اس تحریک پر آگے آ جائے گا اور وہ شخص جو خدا تعالیٰ کے نمائندہ کی آواز پر کان نہیں دھرتا اس کا ایمان کھو یا جائے گا۔‘‘

(خطبات محمود جلد 15 صفحہ 365)

تحریک جدید مستقل تحریک ہے

’’تحریک جدید کا کام ان مستقل تحریکات میں سے ہے جن میں حصہ لینے والے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے مستحق ہوں گے۔

(الفضل 24 نومبر 1938ء)

تحریک جدید الٰہی تحریک ہے

’’میرے ذہن میں یہ تحریک بالکل نہیں تھی۔ اچانک میرے دل پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ تحریک نازل ہوئی پس بغیر اس کے کہ میں کسی قسم کی غلط بیانی کا ارتکاب کروں میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ تحریک جدید جو خدا نے جاری کی۔ میرے ذہن میں یہ تحریک پہلے نہیں تھی۔ میں بالکل خالی الذہن تھا۔ اچانک اللہ تعالیٰ نے یہ سکیم میرے دل پر نازل کی اور میں نے اسے جماعت کے سامنے پیش کر دیا۔ پس یہ میری تحریک نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کی نازل کردہ تحریک ہے۔‘‘

(الفضل 2 دسمبر 1942ء)

نیز فرمایا:۔

’’میں اللہ تعالیٰ پر اس تحریک کی تکمیل کو چھوڑتا ہوں کہ یہ کام اسی کا ہے اور میں صرف اس کا ایک حقیر خادم ہوں۔ لفظ میرے ہیں لیکن حکم اس کا ہے۔‘‘

(الفضل 19 نومبر 1935ء)

تحریک جدید کے جملہ امور کی دہرائی اور خطبہ جمعہ دیئے جانے کی تاکید

’’میرے دل میں اللہ تعالیٰ نے یہ خیال ڈالا کہ تحریک جدید کے متعلق جو امور میں نے بیان کئے ہیں وہ جماعت کے سامنے اس وقت تک کہ مشیئت الٰہی ہمیں کامیاب کر دے ہر چھٹے ماہ دوہرائے جانے چاہئیں۔‘‘ (الفضل 12 جون 1935ء)

تحریک جدید میں مدنظر امور

’’دعوت الی اللہ اور تعلیم و تربیت دو نہایت ہی اہم کام ہیں اور انہی دونوں کاموں کو تحریک جدید میں مدنظر رکھا گیا ہے۔ تعلیم و تربیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سادہ غذا، سادہ لباس خود ہاتھ سے کام کرنا، سینما کا ترک، غریبوں کی امداد، بورڈنگ تحریک جدید اور ورثہ وغیرہ کام تجویز کئے گئے ہیں۔ اور یہ تمام باتیں ایسی ہیں کہ جن کو کسی وقت بھی ترک نہیں کیا جا سکتا۔‘‘

(الفضل 24 نومبر 1938ء)

تحریک جدید کے مطالبات کا خلاصہ

ان مطالبات کا خلاصہ چار باتیں ہیں۔

اول جماعت کے افراد میں عملی زندگی پیدا کرنا خصوصاً نوجوانوں کے اندر بیداری اور عملی جوش پیدا کرنا۔

دوسرے جماعتی کاموں کی بنیاد بجائے مالی بوجھ کے ذاتی قربانیوں پر زیادہ رکھنا۔

تیسرے جماعت میں ایک ایسا فنڈ تحریک جدید کا قائم کرنا جس کے نتیجہ میں (دعوت الی اللہ) کے کام میں مالی پریشانیاں روک پیدا نہ کریں۔

چوتھے جماعت کو (دعوت الی اللہ کے) کاموں کی طرف پہلے سے بہت زیادہ توجہ دلا دینا۔‘‘

(رپورٹ مجلس مشاورت اپریل 1939ء صفحہ 3،2)

نیز فرماتے ہیں:۔

’’تحریک جدید کے تمام مطالبات اس لئے ہیں کہ تم اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی صفات کا مظہر بناؤ......کوئی انسان کسی عقلمند انسان کو بھی دھوکا نہیں دے سکتا۔ پھر تم کس طرح خیال کر لیتے ہو کہ تم خدا کو دھوکہ دے لوگے؟ یہی وہ احساس ہے جس کے ماتحت میں نے تحریک جدید کا آغاز کیا۔‘‘

(الفضل 4 دسمبر 1937ء)

جماعت احمدیہ کا فرض

’’یہ باتیں ایسی ہیں کہ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے جاگتے اور کھاتے پیتے ہر وقت اور ہر لحہ اپنی بیویوں اپنے بچوں اپنے دوستوں اپنے عزیزوں اور اپنے رشتہ داروں کے کانوں میں ڈالنی چاہئیں۔ اور انہیں ان باتوں پر راسخ اور مضبوط کرنا چاہئے کہ ہماری جماعت خدا تعالیٰ کی قائم کردہ جماعت ہے اور خدا تعالیٰ کی قائم کردہ جماعتیں مشکلات کے بغیر ترقی نہیں کرتیں۔ پس ان باتوں کو دہراؤ اور دہراتے چلے جاؤ۔ یہاں تک کہ یہ باتیں تمہارا ورد اور وظیفہ بن جائیں اور اگر ایک چھوٹے سے بچے سے بھی سوال کیا جائے کہ احمدیت کی ترقی کا کیا ذریعہ ہے؟ تو وہ کہہ اٹھے کہ ہم بغیر قربانی اور جان دینے کے ترقی نہیں کر سکتے اور میں اس کے لئے تیار ہوں۔ ایک عورت سے اگر پوچھا جاوے تو وہ بھی یہی جواب دے اور اگر ایک مرد سے پوچھا جائے تو وہ بھی یہی جواب دے۔ غرض ہر شخص کے ذہن میں یہ باتیں ڈالی جائیں اور اس کے ماتحت جماعت میں ایسا ماحول اور بیداری پیدا کی جائے کہ قربانیاں کرنا کوئی مشکل کام نہ رہے۔‘‘

(رپورٹ مجلس مشاورت 1938ء صفحہ 137)

عہدہ داران تحریک جدید

’’خدا تعالیٰ کے کام پریذیڈنٹوں اور سیکرٹریوں سے وابستہ نہیں ہوتے اور نہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کسی جماعت سے یہ پوچھے گا کہ تمہارا پریذیڈنٹ یا سیکرٹری کیسا تھا بلکہ وہ افراد سے پوچھے گا کہ تم کیسے تھے۔ اگر کسی جگہ کا پریذیڈنٹ یا سیکرٹری سست ہوگا۔ اور ان کی سستی کی وجہ سے جماعت کے لوگ تحریک میں حصہ لینے سے محروم رہیں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں معاف نہیں کرے گا۔ بلکہ وہ کہے گا کہ تم میں سے ہر شخص سیکرٹری اور پریذیڈنٹ تھا اور تمہارا فرض تھا کہ جب کوئی پریذیڈنٹ یا سیکرٹری سستی میں مبتلا تھا تو تم خود اس کی جگہ کام کرتے ...... کسی ایک جماعت کو اس بات پر مطمئن نہیں ہو جانا چاہئے کہ اس نے تحریک جدید میں حصہ لے لیا ہے۔ بلکہ اسے اس وقت تک اطمینان کا سانس نہیں لینا چاہئے جب تک کہ ساری جماعتیں اس میں حصہ نہ لے لیں۔‘‘

(الفضل 19 فروری 1937ء)

(بقیہ صفحہ 3)

محبت ذاتی میں ترقی کرو............ محبت نہیں ....کچھ بھی نہیں۔

محبت ذاتی پیدا نہ ہو تو ایمان بڑے خطرے کی حالت میں ہے۔

محبت ہو............ تو انسان شیطان کے حملوں سے امن میں آ جاتا ہے۔

محبت کو دعا سے حاصل کرنا چاہئے۔

محبت پیدا نہ ہو انسان نفس امارہ کے نیچے رہتا ہے۔

محبت یہی ہے کہ ابتلاء............ سے اپنے بندے کی عظمت کو ظاہر کرتا ہے۔

محبت ذاتی .... ہے تو پھر یہ عشقیہ حالت پیدا ہو کر غیر کے وجود کو جلا دیتی ہے۔

محبت اور جاں فدا کرنے والا...... ہمت نہیں ہارتا۔

محبت الٰہی میں پورا استغراق ہو عشق کمال ہو۔

محبت کی لذت ساری لذتوں سے بڑھ کر ترازو میں ثابت ہوتی ہے۔

محبت اور اس کی عظمت اور جبروت کا رعب اور خوف............ سے گناہ جل جاتے ہیں۔

اس جماعت نے اخلاص اور محبت میں بڑی نمایاں ترقی کی ہے بعض اوقات جماعت کا اخلاص، محبت اور جوش ایمان دیکھ کر دشمن بھی تعجب میں ہیں۔

انصاف

ملکی اخبارات میں جماعت احمدیہ کے خلاف خبریں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ 2004ء میں اردو کے بڑے بڑے اخبارات میں جماعت کے خلاف پروپیگنڈہ مہم کے طور پر جو خبریں شائع ہوئیں ان کی تعداد 2021 ہے۔ ان خبروں کے لئے اخبارات میں جو جگہ استعمال کی گئی وہ 8820 مربع انچ تھی۔ یہ اخبار کے قریباً 28 صفحات بنتے ہیں۔

رسائل میں جماعت کے خلاف جو متعصّبانہ مضامین شائع کئے گئے وہ کم و بیش رسائل کے 800 سے زائد صفحات پر مشتمل ہیں۔

جماعت کی طرف سے اخبارات میں جو وضاحتیں شائع ہوئیں ان کی تعداد 16 ہے اور یہ جتنی جگہ پر شائع ہوئیں وہ 40 مربع انچ سے زائد نہیں۔

(ریسرچ سیل)

پردہ عورت کی شان ہے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ ربوہ

قرآن کریم

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ:-

مومنوں کو کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں۔ یہ بات ان کیلئے زیادہ پاکیزگی کا موجب ہے۔ یقیناً اللہ جو وہ کرتے ہیں،اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے۔

اور مومن عورتوں سے کہہ دے کہ وہ اپنی آنکھیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت ظاہر نہ کیا کریں سوائے اس کے کہ جو اس میں سے از خود ظاہر ہو اور اپنے گریبانوں پر اپنی اوڑھنیاں ڈال لیا کریں۔ اور اپنی زینتیں ظاہر نہ کیا کریں مگر اپنے خاوندوں کیلئے یا اپنے باپوں یا اپنے خاوندوں کے باپوں یا اپنے بیٹوں کیلئے یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں کیلئے یا اپنے بھائیوں یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں یا اپنی بہنوں کے بیٹوں یا اپنی عورتوں یا اپنے زیرنگیں مردوں کیلئے یا مردوں میں سے ایسے خادموں کیلئے جو کوئی (جنسی) حاجت نہیں رکھتے یا ایسے بچوں کیلئے جو عورتوں کی پردہ دار جگہوں سے بے خبر ہیں اور وہ اپنے پاؤں اس طرح نہ ماریں کہ (لوگوں پر) وہ ظاہر کر دیا جائے جو (عورتیں عموماً) اپنی زینت میں سے چھپاتی ہیں۔ اور اے مومنو! تم سب کے سب اللہ کی طرف توبہ کرتے ہوئے جھکو، تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ (النور:31-32)

احادیث

آنحضرت ﷺ کی درج ذیل احادیث پردہ کے سلسلہ میں قابل توجہ ہیں۔

(۱) حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ حد سے بڑھی ہوئی بے حیائی انسان کو بدنما بنا دیتی ہے اور شرم و حیا انسان کو خوشنما،خوبصورت اور باوقار بنادیتی ہے۔

(ترمذی ابواب البر والصلۃ)

(۲) ام المومنین حضرت ام سلمہؓ بیان فرماتی ہیں میں اور حضرت میمونہؓ آنحضرت ﷺ کے پاس تھے کہ ایک نابینا صحابی ابن ام مکتومؓ حاضر ہوئے۔ حضورؐ نے ہم دونوں کو ان سے پردہ کرنے کا حکم فرمایا۔ میں نے عرض کیا، کیا وہ نابینا نہیں جو ہمیں دیکھ ہی نہیں سکتا؟ حضورؐ نے فرمایا کیا تم بھی دونوں نابینا ہو کہ اس کو دیکھ نہیں سکتیں۔

(مشکوۃ المصابیح کتاب النکاح باب النظر الی المخطوبۃ و بیان العورات)

(۳) حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:-

دوزخیوں کے دو گروہ ایسے ہیں کہ ان جیسا میں نے کسی گروہ کو نہیں دیکھا۔ ایک وہ جن کے پاس بیل کی دموں کی طرح کوڑے ہوتے ہیں جن سے وہ لوگوں کو مارتے پھرتے ہیں اور دوسرے وہ عورتیں جو کپڑے تو پہنتی ہیں لیکن حقیقت میں وہ ننگی ہوتی ہیں۔ ناز سے لچکیلی چال چلتی ہیں۔ لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے کے جتن کرتی پھرتی ہیں۔ بختی اونٹوں کی لچکدار کوہانوں کی طرح ان کے سر ہوتے ہیں ان میں سے کوئی جنت میں داخل نہیں ہوگی اور اس کی خوشبو تک نہ پائے گی۔ حالانکہ اس کی خوشبو بہت دُور کے فاصلہ سے بھی آسکتی ہے۔ (مسلم کتاب اللباس)

ارشادات حضرت مسیح موعود

پردہ سے متعلق مذکورہ سورۃ النور کی آیات قرآنیہ کی تفسیر وتشریح کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:-

''ان آیات میں خدا تعالیٰ نے خلق احصان یعنی عفت کے حاصل کرنے کیلئے صرف اعلیٰ تعلیم ہی نہیں فرمائی بلکہ انسان کو پاکدامن رہنے کیلئے پانچ علاج بھی بتلا دیئے ہیں۔ یعنی یہ کہ:-

۱۔اپنی آنکھوں کو نامحرموں پر نظر ڈالنے سے بچانا

۲۔کانوں کو نامحرموں کی آواز سننے سے بچانا۔

۳۔نامحرموں کے قصے نہ سننا۔

۴۔اور ایسی تمام تقریبوں سے جن میں اس بدفعل کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو اپنے تئیں بچانا۔

۵۔اگر نکاح نہ ہو تو روزہ رکھنا وغیرہ۔

اس جگہ ہم بڑے دعویٰ کے ساتھ کہتے ہیں کہ یہ اعلیٰ تعلیم ان سب تدبیروں کے ساتھ جو قرآن شریف نے بیان فرمائی ہیں صرف ...... ہی سے خاص ہے اور اس جگہ ایک نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے اور وہ یہ ہے کہ چونکہ انسان کی وہ طبعی حالت جو شہوت کا منبع ہے جس سے انسان بغیر کسی کامل تغیر کے الگ نہیں ہو سکتا یہی ہے کہ اس کے جذبات شہوت محل اور موقعہ پاکر جوش مارنے سے رہ نہیں سکتے یا یوں کہو کہ سخت خطرہ میں پڑ جاتے ہیں اس لیے ...... ہمیں تاکید ہے کہ ہم نامحرم عورتوں کو اور ان کی زینت کی جگہ کو ہرگز نہ دیکھیں نہ پاک نظر سے اور نہ ناپاک نظر سے اور ان کی خوش الحانی کی آوازیں اور ان کے حسن کے قصے نہ سنیں نہ پاک خیال سے اور نہ ناپاک خیال سے۔ بلکہ ہمیں چاہئے کہ ان کے سننے اور دیکھنے سے نفرت رکھیں جیسا کہ مردار سے تاٹھوکر نہ کھاویں۔ کیونکہ ضرور ہے کہ بے قیدی کی نظروں سے کسی وقت ٹھوکریں پیش آویں۔ سو چونکہ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہماری آنکھیں اور دل اور ہمارے خطرات سب پاک رہیں اس لئے اس نے یہ اعلیٰ درجہ کی تعلیم فرمائی۔ اس میں کیا شک ہے کہ بے قیدی ٹھوکر کا موجب ہو جاتی ہے اگر ہم ایک بھوکے کتے کے آگے نرم نرم روٹیاں رکھ دیں اور پھر ہم امید رکھیں کہ اس کتے کے دل میں خیال تک ان روٹیوں کا نہ آوے تو ہم اپنے اس خیال میں غلطی پر ہیں۔ سو خدا تعالیٰ نے چاہا کہ نفسانی قویٰ کو پوشیدہ کارروائیوں کا موقع بھی نہ ملے اور ایسی کوئی بھی تقریب پیش نہ آوے جس سے بدخطرات جنبش کر سکیں۔

...... پردہ کی یہی فلاسفی اور یہی ہدایت شرعی ہے۔ خدا کی کتاب میں پردہ سے یہ مراد نہیں کہ فقط عورتوں کو قیدیوں کی طرح حراست میں رکھا جائے۔ یہ ان نادانوں کا خیال ہے جن کو اسلامی طریقوں کی خبر نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ عورت مرد دونوں کو آزاد نظر اندازی اور اپنی زینتوں کے دکھانے سے روکا جائے کیونکہ اس میں دونوں مرد اور عورت کی بھلائی ہے''۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔صفحہ 29-30)

حضرت مصلح موعود

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اپنی ایک تقریر میں پردہ کے ذکر میں حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے درج ذیل ارشاد کو دہراتے ہوئے فرمایا کہ:-''گھونگھٹ کا پردہ بہ نسبت اس پردہ کے جو آج کل ہمارے ملک میں رائج ہے زیادہ محفوظ تھا...... بہرحال ہر ایک کو کوشش کرنی چاہئے کہ وہ دینی احکام پر عمل کرے (چہرہ کا پردہ کرے) اور اگر کہیں اس عمل میں کمزوری پائی جاتی ہو تو اسے دُور کرے''۔

(بحوالہ الفضل 5/اپریل 1960ء، الاظہار لذوات الخمار حصہ دوم۔ صفحہ 153)

حضرت مصلح موعود پردہ کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:-

''شرعی پردہ جو قرآن شریف سے ثابت ہے یہ ہے کہ عورت کے بال گردن اور چہرہ کانوں کے آگے تک ڈھکا ہوا ہو۔ اس حکم کی تعمیل میں مختلف ممالک میں اپنے حالات اور لباس کے مطابق پردہ کیا جاسکتا ہے''۔ (الفضل 8 نومبر 1924ء)

''ہاتھ کے جوڑ کے اوپر سارے کا سارا حصہ پردہ میں شامل ہے''۔

(الاظہار لذوات الخمار حصہ دوم۔صفحہ 153)

''وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ...... میں منہ چھپانے کا حکم نہیں ان سے ہم پوچھتے ہیں کہ قرآن کریم تو کہتا ہے کہ زینت چھپاؤ اور سب سے زیادہ زینت کی چیز چہرہ ہی ہے۔ اگر چہرہ چھپانے کا حکم نہیں تو پھر زینت کیا چیز ہے جس کو چھپانے کا حکم دیا گیا ہے۔ بیشک ہم اس حد تک قائل ہیں کہ چہرہ کو اس طرح چھپایا جائے کہ اس کا صحت پر کوئی برا اثر نہ پڑے۔ مثلاً باریک کپڑا ڈال لیا جائے یا عرب عورتوں کی طرز کا نقاب بنا لیا جائے جس میں آنکھیں اور ناک کا نتھنا آزاد رہتا ہے مگر چہرہ کو پردہ سے باہر نہیں رکھا جا سکتا''

(تفسیر کبیر جلد 2۔صفحہ 301)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

(i)''قرآن نے پردہ کا حکم دیا ہے انہیں (احمدی مستورات کو) بہرحال پردہ کرنا پڑے گا یا وہ جماعت کو چھوڑ دیں۔ کیونکہ ہماری جماعت کا یہ موقف ہے کہ قرآن کریم کے کسی حکم سے تمسخر نہیں کرنے دیا جائے گا نہ زبان سے اور نہ عمل سے اسی پر دنیا کی ہدایت اور حفاظت کا انحصار ہے''

(الفضل 25 نومبر 1978ء)

اوسلو ناروے میں ایک موقعہ پر فرمایا کہ:-

(ii)''میں ایسی خواتین سے جو پردہ کو ضروری نہیں سمجھتیں پوچھتا ہوں کہ انہوں نے پردہ کو ترک کرکے (دین) کی کیا خدمت کی...... آج بعض یہ کہتی ہیں کہ ہمیں یہاں پردہ نہ کرنے کی اجازت دی جائے۔ پھر کہیں گی ننگ دھڑنگ سمندر میں نہانے اور ریت پر لیٹنے کی اجازت دی جائے پھر کہیں گی شادی سے پہلے بچے جننے کی اجازت دی جائے۔ میں کہوں گا پھر تمہیں دوزخ میں جانے کیلئے بھی تیار رہنا چاہئے...... وہ اپنے آپ کو ٹھیک کرلیں قبل اس کے کہ خدا کا قہر نازل ہو''۔

(دورہ مغرب اگست 1980ء۔صفحہ 238-239)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

''بڑی شدت کے ساتھ خدا تعالیٰ نے میرے دل میں یہ تحریک ڈالی ہے کہ احمدی مستورات بے پردگی کے خلاف جہاد کا اعلان کریں کیونکہ اگر آپ نے بھی یہ میدان چھوڑ دیا تو پھر دنیا میں اور کون سی عورتیں ہوں گی جو......اقدار کی حفاظت کیلئے آگے آئیں گی''۔

(الفضل 28 فروری 1983ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک دوسرے موقع پر پردہ سے متعلق فرمایا کہ:-

''یہاں نشوونما پانے والی بچیاں اپنے سر کے بالوں کے بارے میں ایک ذہنی الجھن میں مبتلا ہیں۔ وہ سمجھتی ہیں کہ بالوں کو ڈھانک کر رکھنا ایک دقیانوسی بات ہے۔ اس لئے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف نیم دلی سے قدم اٹھاتی ہیں نہ کہ بشاشت قلبی سے۔ وہ دراصل یہ کہہ رہی ہوتی ہیں کہ اے خدا تو ہمیں اسی طور سے قبول فرمالے کہ ہم دوپٹہ اوڑھے ہوئے ہیں مگر اس طور سے جس طور سے یہودی اپنے سر کی پشت پر ایک چھوٹی سے ''چپنی نما'' ٹوپی پہنے ہوئے ہوتا ہے۔ پس تو اپنی طرف اُٹھا ہوا یہ ادھورا قدم بھی قبول فرمالے لیکن اگر آپ سب کچھ خدا کی خاطر کرتی ہیں تو پھر یہ بالکل نامناسب ہے۔ یاد رکھیں کہ عورتوں کے خدوخال کا سب سے دلکش حصہ ان کے بال ہوتے ہیں بالخصوص جب کہ وہ سامنے کی طرف لٹکے ہوئے ہوں۔ بعض

لڑکیوں کو میں نے دیکھا کہ جب وہ دوپٹہ اپنے سر پر کھینچتی ہیں تو ایسے طریق سے کہ جس سے ان کے بال سامنے کی طرف جھک آئیں (اور ایسا کر کے وہ یہ خیال کر لیتی ہیں کہ) اب میں دونوں معاشروں کی لڑکی نظر آوٴں گی۔ ...... معاشرہ کی بھی اور غیر مسلم معاشرہ کی بھی‘‘ مگر یہ نامناسب ہے۔ آپ لوگوں کو استقامت (کا) مظاہرہ کرنا چاہئے۔ جس بات پر میں زور دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ دوپٹہ اوڑھنے یا پردہ کرنے سے قبل آپ لوگوں کو اپنے آپ سے یہ سوال کرنا چاہئے کہ ’’کیا میں خدا تعالیٰ کی زیادہ پرواہ کرتی ہوں یا انسانوں کی؟‘‘ اگر جواب یہ ہو کہ میں انسانوں کے مقابل پر خدا کی زیادہ پرواہ کرتی ہوں تو انسانوں کی واہ واہ سے آپ بے نیاز ہو جائیں گی۔ وہ جو چاہیں کہتے پھریں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ صرف اللہ ہی اللہ باقی رہ جائے گا۔ یہ سب سے اہم ترین سوال ہے جو آپ لوگوں کو دوپٹہ وغیرہ اوڑھنے یا باقاعدہ طور پر پردہ اختیار کرنے سے پہلے ضرور اپنے آپ سے پوچھنا چاہئے۔ اگر آپ کے سر کے بال یہ فیصلہ کر لیں کہ ہمیں صرف اس بات کی پرواہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے متعلق کیا کہتا ہے تب آپ کو لوگوں کی باتوں کی ایک ذرّہ بھر بھی پرواہ نہ ہو گی‘‘۔

(اردو ترجمہ از ایم ٹی اے بچوں کی کلاس 6.6.98)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس

ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

آپ نے کچھ عرصہ قبل محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ ربوہ کو ایک خط میں بعض ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ:- برقعوں میں حد سے زیادہ فیشن کے رجحان کو بھی کم کریں۔ ہر اجلاس میں احمدی بچی کا مقام اس کو بتائیں۔ مجھے زیادہ بڑے بڑے کام نہیں چاہئیں۔ ان باتوں پر دھیان دیں۔

نمازوں کی عادت، پردہ کی پابندی، اولاد کی تربیت اور فیشن کی اندھا دھند تقلید سے بچنا۔ ان تمام پہلوؤں کے حوالے سے جائزہ لیں۔ آپ کے پاس کوائف ہونے چاہئیں۔ باہر کے محلوں میں خاص نگرانی کی ضرورت ہے۔‘‘

برقع کیسا ہونا چاہئے؟

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:-

برقع زرق برق اور نمائشی نہیں ہونا چاہئے۔ نہ برقعے کا کپڑا ایسا ہو جو نمائش پیدا کرے نہ اس کی کاٹ اور سلائی میں تکلف اختیار کیا جائے۔ بلکہ برقع سادہ کپڑے کا سادہ طریق پر سلا ہوا، ڈھیلا ڈھالا اور جسم کی بناوٹ کو چھپانے والا ہونا چاہئے۔ تاکہ برقع کی اصل غرض پوری ہو۔ نہ یہ کہ برقعہ بجائے خود نمائش کا موجب اور جسم کی بناوٹ کو ظاہر کرنے والا ہو۔‘‘

اللہ تعالیٰ ہمیں شریعت کے اس حکم کی پابندی کرنے اور پردہ کی حقیقی روح کو قائم رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

شکیل احمد ناصر صاحب

پولیو ویکسین کا موجد

ایڈورڈ سالک JONAS EDWARD SALK

ابتدائی حالات

ایڈورڈ سالک مین ہیٹن میں 1914ء میں پیدا ہوا۔ اس کے والدین راسخ العقیدہ یہودی پس منظر سے تعلق رکھتے تھے۔ اس کا باپ ملبوسات کے کارخانے میں تنخواہ دار ملازم تھا۔ اس کی آمدنی زیادہ نہیں تھی۔ لیکن اس کنبہ میں تعلیم کے احترام کی روایات موجود تھیں۔ یہ اسی احترام کا نتیجہ تھا کہ انہوں نے کسی نہ کسی طرح اپنے تینوں بیٹوں کو کالج کی سطح تک تعلیم دلائی۔ جوانی میں سالک دبلا پتلا، محنتی تھا۔ اس کو مطالعہ کا بہت شوق تھا۔ اور نیویارک کے ایک ہائی سکول کا ممتاز طالب علم تھا۔ اس کے بعد اس نے نیویارک کے سٹی کالج میں تعلیم حاصل کی۔ یہاں پہلی مرتبہ سائنس میں اس کی دلچسپی ظاہر ہوئی۔ پھر وہ نیویارک یونیورسٹی کے میڈیکل سکول میں داخل ہو گیا۔ اس کا ارادہ طبی تحقیق کا راستہ اپنانے کا تھا۔ مالی طور پر اس کا میڈیکل سکول میں پڑھنا صرف اس لئے ممکن ہوا کہ اس نے متعدد تعلیمی وظائف حاصل کئے تھے یہاں اس کی ملاقات ڈاکٹر مورس بروڈی Maurice Brodie اور ڈاکٹر فرانسس سے ہوئی۔ ڈاکٹر بروڈی پولیو پر تحقیق کر رہا تھا اور ڈاکٹر فرانسس انفلوئنزا پر سند مانا جاتا تھا۔

پانچ سالہ دور تحقیق

جونز نے ڈاکٹر فرانسس کے ساتھ مل کر ایک تجربہ کیا۔ اس تجربے میں زندہ وائرس کو مارنے کے لئے بالا بنفشی روشنی کے استعمال سے انفلوئنزا کیلئے ’’مردہ وائرسوں‘‘ کی ویکسین بنائی۔ ڈاکٹر سالک انفلوائنز پر تحقیق کرنے کی غرض سے اپنے استاد ڈاکٹر فرانسس کے ساتھ مشی گن یونیورسٹی چلا گیا۔

مشی گن میں پانچ سال گزارنے کے بعد سالک کا نام پٹس برگ میڈیکل سکول کے لئے تجویز کیا گیا۔ یہ ان اداروں میں سے تھا جو نیشنل فاوٴنڈیشن فار انفینٹائل پیرالائسس National Foundation for Infantile Paralysis کے زیر سرپرستی مانع پولیو تحقیق کرتے تھے۔ یہاں اس کی تمام کاوشیں پولیو کے علاج کی تلاش میں مجتمع ہو گئیں۔

تحقیقاتی کام کا خلاصہ

ڈاکٹر سالک سے قبل بھی بہت سارے محققین نے پولیو کے بارے میں کافی تحقیقات کی تھیں۔ پہلی تو یہ دریافت کہ پولیو کا مرض وائرس کی وجہ سے لاحق ہوتا ہے۔ دوسرا کام اینڈرز، والسر اور رابنز نے پولیو کا وائرس علیحدہ کر کے اس کو تحقیق کی غرض سے بافتوں پر پال کر کیا۔ تیسرا بڑا کام ڈاکٹر ڈیوڈ بودیاں وغیرہ کا یہ تھا کہ انہوں نے یہ ثابت کیا کہ پولیو کا وائرس تین قسم کا ہوتا ہے۔ اور ہر قسم کی خاصیتیں علیحدہ علیحدہ ہوتی ہیں۔ چوتھی دریافت کہ پولیو کا وائرس دوران خون میں یہ داخل ہوتا ہے۔ جہاں پر انسدادی ضد اجسام اس پر حملہ آور ہو سکتے ہیں۔ پانچواں 1952ء میں جانز ہاپکنز (Johns Hopkins) میں ڈاکٹر ہاو (Howe) کا یہ انکشاف تھا کہ فارمالڈی ہائیڈ Formaldehyde کی مدد سے وائرسوں کو مار کر جو ویکسین تیار ہوتی ہے۔ وہ ایسے انسدادی ضد اجسام کو جنم دیتی ہے جو تینوں قسم کے وائرسوں پر کارگر ہوتی ہے۔

سالک کا پہلا تحقیقاتی کام

تحقیقات کے اس تسلسل کا اگلا قدم یہ تھا کہ دیکھا جائے کہ واقعی پولیو کے وائرس تین طرح کے ہیں یا زیادہ ہیں۔ سالک وائرس کے سرکردہ محققوں کی ایک کمیٹی کا رکن بنا۔ 1951ء کے آخر میں ڈاکٹر سالک نے ڈاکٹر بودیاں کی اس سے قبل کی اس دریافت کی تصدیق کر دی کہ پولیو کے وائرس صرف تین اقسام کے ہیں۔

پولیو ویکسین کی ایجاد

اس بات کے ثبوت کے بعد کہ وائرس جو پولیو کا باعث بنتا ہے صرف تین اقسام کا ہے۔ اگلا مرحلہ ایسی موثر ویکسین تیار کرنا تھا جو اس مرض کے خلاف جسم میں ایک مدافعتی نظام تیار کر سکے۔ اس معاملے میں دو مکتبہ فکر تھے۔ ایک مکتبہ فکر جس کا حامی ڈاکٹر سیبین (Dr. Sabin) تھا، چیچک کی ویکسین کی طرح لاغر وائرس سے ویکسین بنانے کے حق میں تھا۔

جب کہ دوسرا مکتبہ فکر جس سے سالک اور ڈاکٹر فرانسس تعلق رکھتے تھے، مردہ وائرس سے ویکسین بنانا چاہتا تھا۔

انفلوئنزا میں یہ طریق کار کامیاب رہا تھا۔ اور اس طرح پیدا کردہ مدافعتی نظام زندہ وائرس سے تیار شدہ ویکسین کے مقابلے میں کم دیرپا ہونے کے باوجود کم خطرناک بھی تھا۔

ویکسین بنانے کے لئے ڈاکٹر سالک کو وائرس کی صحیح نسل کا انتخاب کرنا تھا تاکہ نتیجے میں پیدا شدہ مدافعتی نظام پولیو کی تینوں اقسام پر حاوی ہو سکے۔ اس کو یہ یقین کرنا تھا کہ ویکسین میں تمام وائرس اس طرح تباہ ہوں کہ جب خون میں ان کا ٹیکا لگایا جائے تو نتیجے میں انسدادی ضد اجسام بھی پیدا ہو سکیں۔ ڈاکٹر سالک کے قول کے مطابق ایسا کوئی کامل فارمولا نہیں تھا جس کی مدد سے اس بات کا اندازہ لگایا جا سکے کہ کس نقطے پر پہنچ کر ویکسین میں تمام مطلوبہ خواص پیدا ہو جاتے ہیں۔ یہ آزمائشوں اور غلطیوں کا ایک لامتناہی سلسلہ تھا جس کا اس وقت تک مکمل ریکارڈ رکھنا لازمی تھا جب تک درست مرکب تیار نہ ہو جائے۔ آخر کار ڈاکٹر سالک نے ایک ایسی ویکسین تیار کر لی جو بندروں پر کارگر ہوئی۔ اب سوال یہ تھا کہ کیا یہ انسانوں پر بھی کامیاب ثابت ہو گی یا نہیں۔

ویکسین کے کامیاب تجربات

اس نے ایڈورڈ جینز کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سب سے پہلے اپنے آپ، اپنی بیوی اور اپنے تینوں بیٹوں کو ٹیکا لگایا۔ اس کے بعد ویکسین کو پانچ سو رضا کاروں پر آزمایا گیا۔ ویکسین بہر حال کامیاب رہی۔ حتمی تحقیق میں یونیورسٹی آف مشی گن اور ڈاکٹر فرانسس کے زیر نگرانی سکول کے رضا کار بچوں کو ٹیکے لگائے گئے۔

یہ مہم اپریل 1954ء میں شروع کی گئی۔ 12 اپریل 1955ء کو فرینکلن ڈی روز ویلٹ کی دسویں برسی کے موقع پر قوم کے سامنے ڈاکٹر فرانسس نے اپنی دریافت کا اعلان کیا۔ اس تمام عرصے میں ڈاکٹر سالک ویکسین میں اصلاح کرتا رہا۔ یہاں تک کہ بیشتر موثر ویکسینوں کے مقابلے میں یہ ویکسین 95 فیصد موثر ہو گئی۔

اس کے اس کارنامے پر داد و تحسین کے باوجود جونز سالک ویسا ہی منکسر المزاج اور مخلص سائنسدان رہا جیسا کہ وہ اس وقت تھا جب اس نے انتہائی بے غرضی سے کام لے کر طبی تحقیق کا ارادہ کیا تھا۔ اس نے اپنے تمام رفقائے کار کے کارناموں کا اعتراف کیا جن کی دریافتوں کے بل بوتے پر اس کو یہ کامیابی حاصل ہوئی۔ 1955ء کے بعد بھی ڈاکٹر سالک نے اپنی ویکسین کی بہتری کے لئے تحقیق جاری رکھی۔

ڈاکٹر سالک نے لاکھوں کروڑوں انسانوں کو پریشانی اور مصیبت سے نجات دی۔ اس کا کارنامہ ذاتی کمال کے علاوہ سائنسی دریافت کے ایک ایسے نئے دور کا نقطہ عروج ہے جس میں ان طبی محققوں کو جو امراض کی فتح اور سائنسی دریافت کی توسیع میں سرگرداں ہیں، بے انتہاء سہولتیں مہیا کی گئی ہیں۔

